# SAGITTARIUS برج قوس

23RD Nov ...TO...20TH DEC

۲۳نومبر تا ۲۰ دسمبر

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

# تعارف

برجوں کے علم پر یوں تو اب تک بے شما کتب احاطہ تحریر میں آ چکی ہیں۔
لیکن ان کی ضخامت اور دقیق الفاظ کا استعمال آج کے تیز رفتار دور میں ایک شائق کے مانع ہے۔

قارئین کے اس علم سے متعلق شوق اور وقت کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر برج کے لیے جیبی سائز (Pocket Size) میں علیحدہ علیحدہ کتب تحریر کی گئی ہیں۔

''نایاب بک کولیکشن کلب'' نے اپنے معیار کی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس کتاب میں مختلف موضوعات کو آسان فہم انداز میں اس طرح واضح کیا ہے کہ اس کے مطالعہ کے بعد کسی اور کتاب سے رجوع کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی۔

کتاب ھذا میں برج کے تحت پیدا ہونے والے بچوں کی تعلیم و تربیت سے لے کر ان کے دوسرے بروج سے تعلقات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ دیگر یہ کہ پیدائش سے لے کر عملی زندگی تک مختلف عنوانات کے تحت زندگی کے ہر پہلو کو تفصیلاً تحریر کیا گیا ہے۔

باالفاظ دیگر کہا جا سکتا ہے کہ فی زمانہ برجوں سے متعلق دستیاب کتب میں یہ اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

# فہرست

برجوں کے نام اور تاریخ پیدائش

سیاروں کے نام اور علامات

برجوں کے مزاج

برج اور ان کے سیارگان

برج اور ان کی اشکال

برجوں کے کلیدی الفاظ

سیاروں کے کلیدی الفاظ

برجوں کا جسم کے حصوں سے تعلق

آپ کا برج کون سا ہے؟

برجوں کے معاشرتی تعلقات کا سرسری جائزہ

IqbalCyberLibrary All rights reserved ©2002-2006

# برجوں کے نام اور تاریخ پیدائش

| عربی نام | تاریخ پیدائش | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ۲۱مارچ تا ۲۰اپریل | Aries |
| ثور | ۲۱اپریل تا ۲۱مئی | Taurus |
| جوزا | ۲۲مئی تا ۲۲جون | Gemini |
| سرطان | ۲۳جون تا ۲۳جولائی | Cancer |
| اسد | ۲۴جولائی تا ۲۳اگست | Leo |
| سنبلہ | ۲۴اگست تا ۲۳ستمبر | Virgo |
| میزان | ۲۴ستمبر تا ۲۳اکتوبر | Libra |
| عقرب | ۲۴اکتوبر تا ۲۲نومبر | Scorpio |
| قوس | ۲۳نومبر تا ۲۰دسمبر | Sagitarius |
| جدی | ۲۱دسمبر تا ۱۹جنوری | Capricom |
| دلو | ۲۰جنوری تا ۱۸فروری | Aquairius |
| حوت | ۱۹فروری تا ۲۰مارچ | Pisces |

# سیاروں کے نام اور علامات

| علامت | انگریزی نام | عربی نام |
| --- | --- | --- |
| | Mars | مریخ |
| | Venus | زہرہ |
| | Mercury | عطارد |
| | Moon | قمر |
| | Jupiter | مشتری |
| | Satum | زحل |
| | Sun | شمس |
| | Pluto | پلوٹو |
| | Uranus | یورنیس |
| | Neptune | نیپچون |

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## برج اور مزاج

دنیا کی ہر چیز چار عناصر یعنی آگ، ہوا، پانی اور مٹی سے بنی ہے۔جبکہ برجوں کے مزاج بھی انہی عناصر سے متعلق ہوتے ہیں۔یعنی

| | | |
|---|---|---|
| عنصر آگ | ...... | آتشی مزاج |
| عنصر ہوا | ...... | بادی مزاج |
| عنصر مٹی | ...... | خاکی مزاج |
| عنصر پانی | ...... | آبی مزاج |

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

# آتشی مزاج برج

آتشی مزاج برج کے حامل افراد طاقت ور اور مہم جو ہوتے ہیں۔ یہ خود بھی قوت عمل سے بھرپور ہوتے ہیں اور لوگوں میں بھی قوت عمل کے جذبے کو ابھارنے میں کردار ادا کرتے ہیں۔ان افراد میں تخلیقی صلاحیتیں خوب ہوتی ہیں۔اور بے حد ذہین ہوتے ہیں۔ان کا عمل اور تصور یکساں پختہ ہوتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## خاکی مزاج برج

خاکی مزاج برج کے تحت افراد مادہ پرست ہوتے ہیں۔ یہ ضبط نفس کے ساتھ ساتھ شہوانیت کی طرف بھی مائل ہوتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## بادی مزاج کے برج

اس مزاج والے برج کے حامل افراد معاشتے میں رابطے اور تعلق کو بے حد اہمیت دیتے ہیں۔ یہ لفظوں اور رنگوں سے کھیلنے کے عادی ہوتے ہیں۔ یہ ذوق جمال سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ ہر لحظہ ماحول میں تبدیلی چاہتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## آبی مزاج برج

اس مزاج والے برج کے تحت لوگ بہت ہی پراسرار اور جذباتی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ خاموش طبع ہوتے ہیں اور دوسروں کو اپنی مقناطیسی شخصیت سے متاثر کرتے ہیں۔ یہ بے حد حساس ہوتے ہیں۔ صاف دلی کے ساتھ ساتھ ان کے جذبات اور تصورات وسیع ہوتے ہیں۔

ذیل میں دیئے گئے جدول سے تمام برجوں کے عناصر اور مزاج معلوم کیے جاسکتے ہیں۔

| نام برج | عنصر | مزاج | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | آگ | آتشی | Aries |
| ثور | مٹی | خاکی | Taurus |
| جوزا | ہوا | بادی | Gemini |
| سرطان | پانی | آبی | Cancer |
| اسد | آگ | آتشی | Leo |
| سنبلہ | مٹی | خاکی | Virgo |
| میزان | ہوا | بادی | Libra |
| عقرب | پانی | آبی | Scorpio |
| قوس | آگ | آتشی | Sagitarius |
| جدی | مٹی | خاکی | Capricom |
| دلو | ہوا | بادی | Aquairius |
| حوت | پانی | آبی | Pisces |

# برج اوران کے سیارگان

ہر برج کا اپنا ایک حاکم سیارہ ہوتا ہے۔ذیل میں دیئے گئے جدول کی مدد سے آپ ہر ایک برج کے حاکم سیارے کا نام معلوم کر سکتے ہیں۔

| عربی نام | حاکم سیارہ | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | مریخ | Aries |
| ثور | زہرہ | Taurus |
| جوزا | عطارد | Gemini |
| سرطان | قمر | Cancer |
| اسد | شمس | Leo |
| سنبلہ | عطارد | Virgo |
| میزان | زہرہ | Libra |
| عقرب | مریخ۔پلوٹو | Scorpio |
| قوس | مشتری | Sagitarius |
| جدی | زحل | Capricom |
| دلو | زحل۔یورنیس | Aquairius |
| حوت | مشتری۔نیپچون | Pisces |

# برج اور ان کی اشکال

آسمان پر برجوں کی اشکال واضح نہیں ہوتیں بلکہ مختلف ستارے مل کر متعلقہ شکل سے مماثلت اختیار کر لیتے ہیں۔اس لیے اس ضمن میں معمولی اختلاف ہو سکتا ہے۔

| انگریزی نام | شکل | عربی نام |
|---|---|---|
| Aries | مینڈھا | حمل |
| Taurus | بیل | ثور |
| Gemini | جڑواں بچے | جوزا |
| Cancer | کیکڑا | سرطان |
| Leo | شیر | اسد |
| Virgo | دوشیزہ | سنبلہ |
| Libra | ترازو | میزان |
| Scorpio | بچھو | عقرب |
| Sagitarius | تیرانداز | قوس |
| Capricom | بکرا | جدی |
| Aquairius | مشکیزہ بردار | دلو |
| Pisces | دومچھلیاں | حوت |

# برجوں کے کلیدی الفاظ

یہ بظاہر ایک لفظ پر مبنی ہوتے ہیں لیکن یہ پورے برج کا احاطہ کیے ہوتے ہیں۔اس سے ہمیں معلوم ہوجاتا ہے کہ برج کا مضبوط ترین نکتہ کون سا ہے۔

| برج کا نام | کلیدی الفاظ | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ذات | Aries |
| ثور | دولت | Taurus |
| جوزا | دماغ | Gemini |
| سرطان | خاندان | Cancer |
| اسد | بچے | Leo |
| سنبلہ | کام | Virgo |
| میزان | شادی | Libra |
| عقرب | جنس | Scorpio |
| قوس | سفر | Sagitarius |
| جدی | کاروبار | Capricom |
| دلو | دوست | Aquairius |
| حوت | حدود | Pisces |

www.Nayaab.Net انٹرنیٹ ایڈیشن سال 2006

# سیاروں کے کلیدی الفاظ

برجوں کے کلیدی الفاظ کی طرح سیاروں کے بھی کلیدی الفاظ ہوتے ہیں اوران سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ متعلقہ سیارے کی بنیادی خصوصیت کیا ہے۔

| سیارہ | کلیدی لفظ | سیارے کا نام |
|---|---|---|
| مریخ | قوت و توانائی | Mars |
| زہرہ | حسن ومحبت | Venus |
| عطارد | تجسس وذہانت | Mercury |
| قمر | متغیر مزاج | moon |
| شمس | سرچشمہ حیات | Sun |
| مشتری | وسعت وتحفظ | Jupiter |
| زحل | تحقیق وتفتیش | Saturn |
| نیپ چون | سنسنی خیزی | Neptune |
| پلوٹو | تخلیق وتباہی | Uranus |

# برجوں کا جسم کے حصوں سے تعلق

تمام برجوں کا جسم کے کسی نہ کسی حصہ سے تعلق ہوتا ہے۔اس سے ہمیں یہ معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کسی برج کے حامل افراد کن کن امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

برجوں کا جسم سے تعلق بتایا جا رہا ہے۔

| نمبر شمار | نام برج | بیرونی اعضاء | اندرونی اعضاء |
|---|---|---|---|
| ۱ | حمل | سر سے جبڑوں تک | دماغ |
| ۲ | ثور | گردن | حلق |
| ۳ | جوزا | بازو، کندھے | پھیپھڑے |
| ۴ | سرطان | چھاتی | پستان، معدہ |
| ۵ | اسد | کمر کا اوپری حصہ، بازو | دل، ریڑھ کی ہڈی |
| ۶ | سنبلہ | پیٹ | انتڑیاں |
| ۷ | میزان | کمر کا نچلا حصہ | لبلبہ، گردے |
| ۸ | عقرب | پیڑو | اعضائے تولید |
| ۹ | قوس | کولہے اور رانیں | ریڑھ کی ہڈی نچلا حصہ |
| ۱۰ | جدی | گھٹنے | ہڈیاں |
| ۱۱ | دلو | پنڈلیاں اور ٹخنے | دوران خون |
| ۱۲ | حوت | پاؤں | جگر |

حمل: اس برج کا تعلق سر سے لے کر آنکھوں اور جبڑوں کے اوپر والے حصے سے ہے۔

ثور: اس برج کا تعلق نچلے جبڑے سے لے کر کندھے کے اوپر تک ہے۔

جوزا: جوزا کا تعلق ہاتھ، بازو، کندھے اور اعصابی نظام سے ہے۔

سرطان: اس کا تعلق سینہ، پھیپھڑے اور چھاتی کے علاوہ معدے اور ہاضمے کے اوپر والے حصہ سے ہے۔

اسد: یہ برج ریڑھ کی ہڈی، دل، شریانوں اور دوران خون سے متعلق ہے۔

سنبلہ: اس برج کا تعلق ہاضمے کے نیچے والے نظام، اعصابی نظام، انتڑیوں اور جلد سے ہے۔

میزان: لبلبہ، مثانہ اور گردے اس برج سے متعلق ہیں۔

عقرب: اس برج کا تعلق جنسی اعضاء، پیٹ کے نچلے حصے، ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے اور چڑھے سے ہے۔

قوس: کولہے، رانیں اور ٹانگیں اس برج سے متعلق ہیں۔

جدی: یہ برج گھٹنوں، ان کی جلد اور ہڈیوں سے متعلق ہے۔

دلو: یہ برج پنڈلیوں، ٹخنوں اور دوران خون سے متعلق ہے۔

حوت: اس برج کا تعلق پاؤں، جگر اور ذہنی روحانی صلاحیتوں سے ہے۔

# آپ کا برج کون سا ہے؟

پہلا طریقہ:

برج معلوم کرنے کا سب سے موثر طریقہ یہ ہے کہ اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معہ مہینہ معلوم ہو تو آپ اگلے صفحے پر دیئے گئے جدول سے اپنا برج معلوم کریں۔ برج معلوم کرنے کے لیے صرف پیدائش کی تاریخ اور مہینے کی ضرورت پڑتی ہے اس میں سال کا معلوم ہونا ضروری نہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| Aries | مریخ | حمل | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل |
| Taurus | زہرہ | ثور | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی |
| Gemini | عطارد | جوزا | ۲۲ مئی تا ۲۲ جون |
| Cancer | قمر | سرطان | ۲۳ جون تا ۲۳ جولائی |
| Leo | شمس | اسد | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست |
| Virgo | عطارد | سنبلہ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر |
| Libra | زہرہ | میزان | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر |
| Scorpio | مریخ | عقرب | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر |
| Sagitarius | مشتری | قوس | ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر |
| Capricom | زحل | جدی | ۲۱ دسمبر تا ۱۹ جنوری |
| Aquairius | زحل | دلو | ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری |
| Pisces | مشتری | حوت | ۱۹ فروری تا ۲۰ مارچ |

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

دوسرا طریقہ:

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہیں تو آپ برجوں کے سامنے دیئے گئے حروف میں اپنے نام کا پہلا حرف دیکھ کر اپنا برج معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً کسی کا نام عبدالغفور ہے تو اس شخص کا برج حمل ہوگا کیونکہ اس کے نام کا پہلا حرف یعنی ''ع'' برج حمل کے تحت آتا ہے۔

تاریخ پیدائش معلوم نہ ہونے کی صورت دوسرے طریقے سے برج معلوم کرنا ہو تو ضروری ہے کہ پیدائش کے وقت نام برجوں کے ذریعے ہی رکھا گیا ہو ورنہ یہ طریقہ کارگر نہیں ہو سکتا۔

اس طریقے سے برج معلوم کرنے کے لیے اگلے صفحہ پر دیئے گئے جدول سے مدد لی جا سکتی ہے۔

| عربی نام | نام کا پہلا حرف | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ا، ع، ل، ی | Aries |
| ثور | ب، و | Taurus |
| جوزا | ق، ک | Gemini |
| سرطان | ح، ھ | Cancer |
| اسد | م | Leo |
| سنبلہ | پ، غ | Virgo |
| میزان | ت، ٹ، ر، ط | Libra |
| عقرب | ذ، ز، ض، ظ، ن | Scorpio |
| قوس | ف | Sagitarius |
| جدی | ج، خ، گ | Capricorn |

| | | |
|---|---|---|
| دلو | س،ش،ص،ث | Aquairius |
| حوت | د،چ | Pisces |

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## برجوں کے معاشرتی تعلقات کا سرسری جائزہ

مزاج کے اعتبار سے ہر برج کے دوسرے بروج سے مختلف نوعیت کے تعلقات ہوتے ہیں مثلاً آتشی مزاج کے حامل برج کے تعلقات اپنے ہم مزاج بروج سے بہت اچھے ہوتے ہیں جبکہ اسی مزاج کے حامل برج کے تعلقات آبی مزاج یا بادی مزاج سے بالکل بھی موافقت نہیں رکھتے۔

زندگی میں کسی بھی شخص سے کاروباری، دوستانہ یا ازدواجی تعلق قائم کرنے سے پہلے ان کے برج اور برج کے مزاج کے بارے میں معلومات حاصل کر کے جائزہ لے سکتے ہیں کہ وہ شخص آپ کے مزاج سے موافقت رکھتا ہے یا نہیں۔

ذیل میں دیئے گئے جدول نمبر ۱ اور جدول نمبر ۲ کے ذریعے آپ اس کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں گے۔

جدول نمبر ۱

| برج | موزوں | غیر موزوں | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | اسد، قوس | سرطان، میزان، جدی | Aries |
| ثور | سنبلہ، جدی | اسد، عقرب، دلو | Taurus |
| جوزا | میزان، دلو | سنبلہ، قوس، حوت | Gemini |
| سرطان | عقرب، حوت | حمل، میزان، جدی | Cancer |
| اسد | حمل، قوس | ثور، عقرب، دلو | Leo |
| سنبلہ | ثور، جدی | جوزا، قوس، حوت | Virgo |
| میزان | جوزا، دلو | حمل، سرطان، جدی | Libra |
| عقرب | سرطان، حوت | ثور، اسد، دلو | Scorpio |
| قوس | حمل، اسد | جوزا، سنبلہ، حوت | Sagitarius |

| | | | |
|---|---|---|---|
| جدی | ثور،سنبلہ | حمل،سرطان،میزان | Capricom |
| دلو | جوزا،میزان | ثور،اسد،عقرب | Aquairius |
| حوت | سرطان،عقرب | جوزا،سنبلہ،قوس | Pisces |

جدول نمبر۲:

| برج | قابل برداشت | غیر جانبدار | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | ثور، جوزا، دلو، حوت | سنبلہ،عقرب | Aries |
| ثور | حمل، جوزا، سرطان، حوت | میزان،قوس | Taurus |
| جوزا | حمل، ثور، سرطان، اسد | عقرب، جدی | Gemini |
| سرطان | ثور، جوزا، اسد، سنبلہ | قوس، دلو | Cancer |
| اسد | جوزا، سرطان، سنبلہ، میزان | جدی، حوت | Leo |
| سنبلہ | اسد، سنبلہ، میزان، عقرب | حمل، دلو | Virgo |
| میزان | اسد، سنبلہ، عقرب، قوس | ثور، حوت | Libra |
| عقرب | سنبلہ، میزان، قوس، جدی | حمل، جوزا | Scorpio |
| قوس | میزان، عقرب، جدی، دلو | ثور، سرطان | Sagitarius |
| جدی | عقرب، قوس، دلو، حوت | جوزا، اسد | Capricom |
| دلو | حمل، قوس، جدی، حوت | سنبلہ، سرطان | Aquairius |
| حوت | حمل، ثور، جدی، دلو | اسد، میزان | Pisces |

تیسرا طریقہ:

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہیں تو آپ اپنے اور اپنی والدہ کے نام

کے اعداد کے جمل کبیر نکالیں اور اسے ۱۲ پر تقسیم کر دیں۔ اگر باقی ۱ بچے تو برج حمل، ۲ بچے تو ثور، ۳ بچے تو جوزا، ۴ بچے تو سرطان، ۵ بچے تو اسد، ۶ بچے تو سنبلہ، ۷ بچے تو میزان، ۸ بچے تو عقرب، ۹ بچے تو قوس، ۱۰ بچے تو جدی، ۱۱ بچے تو دلو اور اگر کچھ نہ بچے تو آپ کا برج حوت ہوگا۔

| حرف | قیمت | حرف | قیمت |
|---|---|---|---|
| الف | ۱ | س | ۶۰ |
| ب،پ | ۲ | ع | ۷۰ |
| ج،چ | ۳ | ف | ۸۰ |
| د،ڈ | ۴ | ص | ۹۰ |
| ہ | ۵ | ق | ۱۰۰ |
| و | ۶ | ر،ڑ | ۲۰۰ |
| ز،ژ | ۷ | ش | ۳۰۰ |
| ح | ۸ | ت،ٹ | ۴۰۰ |
| ط | ۹ | ث | ۵۰۰ |
| ی | ۱۰ | خ | ۶۰۰ |
| ک،گ | ۲۰ | ذ | ۷۰۰ |
| ل | ۳۰ | ض | ۸۰۰ |
| م | ۴۰ | ظ | ۹۰۰ |
| ن | ۵۰ | غ | ۱۰۰۰ |

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. 2002-2006

| | |
|---|---|
| Aries | حمل |
| Taurus | ثور |
| Gemini | جوزا |
| Cancer | سرطان |
| Leo | اسد |
| Virgo | سنبلہ |
| Libra | میزان |
| Scorpio | عقرب |
| Sagitarius | قوس |
| Capricom | جدی |
| Aquairius | دلو |
| Pisces | حوت |

------------

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved ©2002-2006

# برج قوس کا جائزہ ایک نظر میں

| | |
|---|---|
| تاریخ پیدائش | ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر |
| نام کے پہلے حروف | ف |
| شکل برج | تیر انداز |
| حاکم سیارہ | مشتری |
| عنصر | آگ |
| مزاج | آتش مزاج |
| مبارک دن | جمعرات |
| سعد پتھر | نیلم، پکھراج |
| سعد دھات | ٹن |
| سعد رنگ | نیلا، سرخ |
| خوش بختی کا ہندسہ | ۳،۴ |
| باحساب صفت | مذکر |
| خوبیاں | خوش بخت، آزادی پسند، متجسس |
| موافق بروج | حمل، اسد |
| غیر موافق بروج | جوزا، سنبلہ، حوت |
| جانبدار بروج | میزان عقرب، جدی، دلو |
| غیر جانبدار بروج | ثور سرطان |

# قوس افراد کیسے ہوتے ہیں؟

یہ لوگ درمیانے اور لمبے قد کے ہوتے ہیں ان کی ٹانگیں اور بازو لمبے لمبے ہوتے ہیں ان کا چہرہ بھی زیادہ تر لمبا ہوتا ہے ان کی آنکھیں ہمیشہ متحرک رہتی ہیں ان کی حرکات وسکنات بڑی تیز اور غضب ناک ہوتی ہیں ان کے چہرے پر نفیس قسم کی مسکراہٹ اور مزاح کی حس ہوتی ہے۔

قوس افراد ہمیشہ آزادی سے اپنی زندگی بسر کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں ایسی جگہ جہاں وہ اپنی مرضی کے کام کریں اور کوئی ان کے معمولات میں مداخلت نہ کرے قوس ایک مہم جو شخص کا برج ہے جو اپنے عقائد کی قید میں رہنا پسند کرتا ہے یہ لوگ کشادہ ذہن کے مالک ہوتے ہیں انہیں نئی نئی باتیں سیکھنے کا شوق ہوتا ہے اس کے لیے یہ نت نئے تجربات کرتے رہتے ہیں انہیں آگے بڑھنے کا بہت شوق ہوتا ہے اس لیے یہ ہر وقت اپنے آپ کو متحرک رکھتے ہیں۔ یہ لوگ جمہوریت پسند ہوتے ہیں۔ سماجی معاملات کے بارے میں بہت حساس ہوتے ہیں۔ یہ دنیاوی آسائشوں کے دلدادہ ہوتے ہیں اور ان کے حصول کے لیے کوشاں رہتے ہیں اور ان کے حاصل کرنے تک آرام سے نہیں بیٹھتے جن معاملات میں دوسرے برجوں کے لوگ مایوس ہو کر بیٹھ جاتے ہیں۔ قوس افراد ممکنات تلاش کر لیتے ہیں ان لوگوں کو اس بات بڑی شدت سے احساس ہوتا ہے کہ وہ جو کام کرنا چاہیں کر سکتے ہیں ان کی لغت میں نہیں اور ناممکن کے الفاظ نہیں ہوتے وہ اس بات پر یقین نہیں رکھتے کہ دنیا میں ان کے لیے محدود مواقع موجود ہیں۔

قوس افراد اونچی اڑان کے عادی ہوتے ہیں جب یہ اپنی غلطیوں کے باعث زمین پر گر پڑیں تو بھی اپنے راستے میں کسی رکاوٹ کو برداشت نہیں کرتے اس طرح ان کو اپنی روزمرہ زندگی میں متعدد مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قوس

افراد اپنی زندگی کو اچھے ڈھنگ سے گزارنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ اس لیے وہ اپنا وقت فضول باتوں اور کاموں میں ضائع نہیں کرتے قوس افراد وعدہ کرنے سے گھبراتے ہیں ان کا اصول ہے کہ جو کرنا ہے ابھی کرلو بعد کا کون جانے ان میں حاکمیت کا عنصر بھی پایا جاتا ہے۔

قوس افراد سچائی کے نام پر بڑی آسانی سے جھوٹ بول دیتے ہیں اور اس کا کسی کو احساس تک نہیں ہونے دیتے ان کا اعتماد بڑے بڑے کام کرتے ہوئے بھی متزلزل نہیں ہوتا یہ لوگ بڑے خوش قسمت ہوتے ہیں اور انہیں کامیابی کے مواقع اکثر ملتے ہیں اور یہ صحیح وقت پر ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں یہ مشکل حالات میں بھی امید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ ان افراد کا ذہن ایک چلبلے بچے کی طرح ہوتا ہے یہ ہر حالت میں تروتازہ، زندہ دل، تصوراتی اور پرامید ہوتے ہیں ان کا کھلنڈرا پن پورا ماحول کو بھی تروتازہ کردیتا ہے۔ یہ انتہائی پرکشش لوگ ہوتے ہیں اور اس کا بڑی اچھی طرح استعمال کرتے ہیں۔ یہ لوگ ہمیشہ یاد رکھے جانے والے بدمعاش بھی ہو سکتے ہیں اور فلاسفر بھی مہم جو بھی ہو سکتے ہیں اور تفریح فراہم کرنے والے آرٹسٹ بھی اپنے جوبن پر ہوں تو ناقابل تسخیر ہوتے ہیں۔

قوس افراد ہر بات کے مثبت پہلو کو سامنے رکھتے ہیں وہ کسی تقریب میں بوریت محسوس کرنے کے باوجود میزبان کے انتظامات کو سراہیں گے یہ مزاح کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ مذاق کرنا جانتے ہیں جو کہ ان کی زندگی کا ایک حصہ ہے مزاح کی حس ان کے اندر کے انسان کو زندہ رکھتی ہے اگر ان کی نشوونما صحیح طرح سے نہ ہوئی ہو تو یہ ہر معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کرتے۔ ان سے وقت کی پابندی کرانا بہت مشکل ہے اس لیے یہ وعدہ کرنے سے گھبراتے ہیں جبکہ اس کے برعکس سنجیدہ قسم کے قوس افراد دانشور ہوتے ہیں۔ فلاسفی، معلومات عامہ اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا ان

کے شوق ہوتے ہیں۔

سنجیدہ قوس افراد رفاہ عامہ کے کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں وہ اپنے کاموں سے دنیا پر اچھا تاثر چھوڑتے ہیں اس ضمن میں ہالی وڈ کی ایک مشہور اداکارہ جین فونڈا کی مثال دی جا سکتی ہے جس نے مختلف جنگلی جانوروں کی نسل تباہ ہونے سے بچانے کے کام کا بیڑا اٹھا رکھا ہے قوس افراد اس وقت بہت مایوس ہوتے ہیں جب انہیں اپنے نظریات پر دوسروں سے سمجھوتہ کرنا پڑتا ہے۔ بعض قوس اس طرح کی صورت حال سے بچ نکلتے ہیں بعض سمجھوتہ کرنے کی بجائے بغاوت پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔

قوس وسعت اور پھیلاؤ کا برج ہے یہ کئی بار محبت کرتے ہیں۔ یہ بہت زیادہ سوچتے ہیں اور بہت زیادہ کام اپنے ذمہ لے لیتے ہیں جن میں سے اکثر مکمل نہیں ہوتے۔ قوس کو بڑی خوش قسمتی کا سیارہ بھی خیال کیا جاتا ہے یہ سیارہ قوس افراد کو ہمیشہ آگے بڑھاتا رہتا ہے قوس افراد تنہائی سے قطعی نہیں گھبراتے بلکہ وہ جنگل اور ویرانوں سے بہت خوش رہتے ہیں اور تن تنہا گھوڑے دوڑاتے رہتے ہیں۔ یہ لوگ اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

قوس افراد کی صحت بہت اچھی رہتی ہے فطری طور پر ان کا بدن مضبوط لیکن اعصابی نظام بہت نازک ہوتا ہے وہ زندگی کے بارے میں بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اپنی ذات میں مگن نہیں رہتے ہیں اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ اکثر اعصابی دباؤ میں رہتے ہیں کیونکہ ضرورت سے زیادہ جسمانی اور دماغی کام کرتے ہیں۔

قوس افراد میں اعلیٰ درجہ کی ذہانت ہوتی ہے اور ان کا ذہن ٹھنڈے دماغ جوزا افراد سے برتر ہوتا ہے اور جمالیات ذوق میں میزان افراد سے بھی افضل

ہوتے ہیں قوس افراد کا ذہن پختہ، پیش پیش اور عملی طور تصوراتی ہوتا ہے۔ قوس افراد زندگی کے ہر شعبہ میں بڑے مفکرین اور اساتذہ کی حیثیت سے اپنا مشن پورا کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ بہترین استاد، قلمکار اور صحافی ہوتے ہیں۔

یہ لوگ راتوں رات مالدار بن جانا چاہتے ہیں اور کسی بھی شخص کو پھنسا لینا ان کے بائیں ہاتھ کا کام ہوتا ہے وہ آپ کو ساری دنیا دے دینے کا وعدہ کر سکتے ہیں کیونکہ اپنے وعدہ کا ذرہ برابر احساس کرنے کا ان میں ارادہ ہی نہیں ہوتا ہے۔ یہ خوشامدی اور ہمیشہ خالی آداب بجالانے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ قوس افراد بڑے ملن سار، ذہین اور بہت زیادہ غصے والے ہوتے ہیں۔ یہ اپنے گہرے دوستوں کے لیے بڑے پرکشش ہوتے ہیں شریف قسم کے قوس افراد وقتی طور پر دوستوں سے بڑے خوش ہوتے ہیں۔

تمام قوس حضرات چیلنج پسند کرتے ہیں یہ ہمیشہ نئی دنیاؤں کی تلاش اور مہم جوئی میں مصروف رہتے ہیں۔ یہ جسمانی یا ذہنی طاقت کے کسی مقابلے میں ہارنا بھی پسند نہیں کرتے ان کو محبت میں شکست کھانے پر سنبھلنے کے لیے کئی سال درکار ہوتے ہیں قوس افراد پلک جھپکنے میں اپنی رائے تبدیل کر لیتے ہیں ان کی شخصیت بڑی پیچیدہ ہوتی ہے۔ قوس افراد کم نفسیاتی مریض ہوتے ہیں۔

یہ زندگی کو بہت بڑی نعمت سمجھتے ہیں وہ اسے ایک عبادت سمجھ کر پسند کرتے ہیں۔ ان میں خلوص اور جانثاری بہت پائی جاتی ہے۔ یہ انتہا پسندی سے کام لیتے ہیں لیکن بعض لوگوں کے نزدیک یہ متلون مزاجی کا شکار ہوتے ہیں ان میں خودغرضی نہیں پائی جاتی یہ انسان اور انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنا لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے لیے دل میں بڑا نرم گوشہ رکھتے ہیں اور محبت کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔

قوس افراد نہ صرف قابل اعتماد ہوتے ہیں بلکہ یہ صاف گو، سچائی پسند اور

امانت کو متعلقہ شخص تک پہنچا کر دم لینے والے ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ یہ سخی فیاض اور قربانی کے جذبے سے سرشار ہوتے ہیں۔قوس افراد اگرچہ عمل کے معاملے میں بڑے تیز اور مستعد ہوتے ہیں اور انتھک محنت کرتے ہیں لیکن فارغ اوقات میں تصورات اور خیالات کی دنیا میں کھو جاتے ہیں۔

مختصر طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ قوس افراد ہر لحاظ سے ایک مکمل انسان کی خصوصیات رکھتے ہیں لیکن اگر یہ اپنی چند خامیوں پر قابو پالیں تو سونے پر سہاگہ والا کام ہو جاتا ہے۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# قوس افراد کی مثبت خصوصیات

قوس افراد میں عقل و دانش اور فہم و فراست بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔

قوس افراد شریک حیات کے معاملے میں اعتدال پسند واقع ہوئے ہیں۔

شادی کے معاملے میں قوس افراد بڑی احتیاط سے کام لیتے ہیں اور اگر دفعہ شادی ہو جائے تو پھر ساری عمر اس کے ساتھ رہتے ہیں۔

قوس افراد نہ کوئی پابندی قبول کرتے ہیں اور نہ ہی کسی پر پابندی لگاتے ہیں۔

قوس افراد سچے، صاف گو اور کھرے ہوتے ہیں۔

قوس افراد ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ان کی فطرت کے عین مطابق ہوں۔

قوس افراد پر خلوص اور بہترین دوست ثابت ہوتے ہیں۔

قوس افراد بڑے زیرک، ذہین، خوش مزاج، سچے اور صداقت پسند ہوتے ہیں۔

قوس افراد مثبت سوچ کے ساتھ ساتھ نئے نئے مقامات کی سیر کرنا پسند کرتے ہیں۔

قوس افراد اچھے، خوشگوار، صاف ستھرے ماحول کے علاوہ فن، فلم اور تھیٹر کی دنیا اور ماحول بے حد پسند کرتے ہیں۔

بعض قوس افراد مذہبی بھی ہوتے ہیں اس کے علاوہ یہ ہمیشہ قسمت پر یقین رکھتے ہیں۔

قوس افراد سماجی کاموں میں بے حد دلچسپی رکھتے ہیں اس کے علاوہ وہ عمل پسند بھی ہوتے ہیں۔

قوس افراد تصوراتی ہونے کے باوجود بھی اونچے اونچے خواب نہیں دیکھتے
اس کے علاوہ یہ انتہا پسند بھی بہت کم ہوتے ہیں۔

قوس افراد بڑے منظم، بہادر، باحوصلہ اور جرأت مند ہونے کے علاوہ امن
پسند بھی ہوتے ہیں۔

قوس افراد اپنی نجی زندگی کے معاملات میں لاپروائی برتتے ہیں لیکن ان کو
اپنی قابلیت پر بڑا یقین ہوتا ہے۔

قوس افراد محنتی، صحت مند، چاک وچوبند اور باعمل ہونے کے ساتھ ساتھ کم
وقت میں زیادہ تجربہ حاصل کر لیتے ہیں۔

قوس افراد بیرون ملک میں اپنے ملک کے بہترین سفیر ہوتے ہیں۔

## قوس خواتین کی مثبت خصوصیات

قوس خواتین خوب صورت، پرکشش، سچی، صاف گو اور مشکلات کا ڈٹ کا
مقابلہ کرتی ہیں۔

قوس خواتین کو جانوروں اور انسانوں سے بے حد محبت ہوتی ہے۔

قوس خواتین کبھی بھی بے کار نہیں رہتی اور یہ خوش امیدی کا دامن نہیں
چھوڑتیں۔

قوس خواتین اپنے بچوں سے بے حد محبت کرتی ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کے
ممتا سے بھرپور جذبوں کی مثال دی جاتی ہے۔

قوس خواتین مطالعے کا بہت شوق رکھتی ہیں اور یہ اپنا محاسبہ خود کرتی ہیں۔

یہ نیکی اور بھلائی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہیں۔

ان کا حافظہ بہت تیز ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کا سلیقہ بے حد مشہور ہوتا
ہے۔

یہ خواتین اپنے راز کی مکمل حفاظت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

برج قوس چونکہ تغیر پذیری کا عنصر رکھتا ہے اس لیے اس سے تعلق رکھنے والی خواتین مختلف قسم کے انقلاب اور تبدیلیوں کو بے حد پسند کرتی ہیں۔

قوس خواتین آزادی کو پسند کرتی ہیں۔ وہ کسی کو غلام بناتی ہیں اور نہ ہی کسی کی غلام بننا پسند کرتی ہیں۔

برج قوس سے تعلق رکھنے والی خواتین سیر و تفریح کی بے حد شوقین ہوتی ہیں اس کے علاوہ انہیں سچائی اور ایمانداری بے حد پسند ہے۔

ان میں صبر و تحمل کا مادہ پایا جاتا ہے اور یہ جذباتی ہونے کی بجائے دھیمے مزاج میں بات کرتی ہیں۔

برج قوس سے تعلق رکھنے والی خواتین محفلوں کی جان ہوتی ہیں۔

قوس خواتین متوازن زندگی بسر کرنے کی عادی ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ تصوراتی مزاج کی مالک ہونے کے باوجود اونچے اونچے خواب نہیں دیکھتی۔

یہ خواتین شوبزنس میں بڑی دلچسپی لیتی ہیں اس کے علاوہ یہ کسی کی حق تلفی نہیں کرتیں۔

## قوس افراد کی منفی خصوصیات

قوس افراد باتونی ہوتے ہیں۔

یہ اپنی زندگی میں بہت سی غلطیاں کر کے نقصان اٹھاتے ہیں۔

قوس افراد ایک وقت میں کئی کام شروع کر کے اپنی ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کو ضائع کرتے ہیں۔

قوس افراد نہ تو حالات کی سنگینی کا اندازہ کرتے ہیں اور نہ ہی جانبدار افراد کو پسند کرتے ہیں۔

قوس افراد پرانے قوانین پسند نہیں کرتے ہیں بلکہ وہ ان میں تبدیلی کے لیے بغاوت بھی کر دیتے ہیں۔

یہ افراد چونکہ مصلحت پسند نہیں ہوتے اس لیے وہ اپنے بہترین دوستوں کو ناراض کر لیتے ہیں۔

قوس افراد کسی کی پروا نہیں کرتے حتی کہ وہ اپنے قریبی دوستوں اور خاندانی افراد سے اچانک تعلقات توڑ دیتے ہیں۔

اگر چہ یہ قابل اعتماد افراد سمجھے جاتے ہیں لیکن بعض اوقات یہ غصے اور اشتعال میں آ کر اعتماد کو ٹھیس پہنچاتے ہیں۔

قوس افراد کسی بھی قسم کی ذمہ داریاں قبول نہیں کرتے۔

قوس افراد اپنی دولت کو پانی کی طرح بہانے میں کسی قسم کی پرواہ نہیں کرتے۔

## قوس خواتین کی منفی خصوصیات

قوس خواتین کو معلومات پر بڑا گھمنڈ ہوتا ہے اور اس وجہ سے وہ بہت نقصان اٹھاتے ہیں۔

قوس خواتین ظاہری حسن پر جان دیتی ہیں۔

قوس خواتین بہت فضول خرچ ہوتی ہیں اور پانی کی طرح پیسے کو بہاتی ہیں۔

قوس خواتین قوس افراد کی طرح ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے میں دلچسپی نہیں لیتی۔

قوس خواتین جلد غصے اور اشتعال میں آ جاتی ہیں۔

قوس خواتین کامیابی کی چمک کی وجہ سے حقیقت اور صداقت کو پہچان نہیں سکتیں۔

قوس خواتین منہ پھٹ ہوتی ہیں اور یہ کسی کو خاطر نہیں نہیں لاتیں۔

قوس خواتین باتونی ہونے کی وجہ سے بے ربط گفتگو کر کے اپنے لیے مشکلات پیدا کرتی ہیں۔

قوس خواتین کو جانبدار افراد پسند نہیں آتے اور وہ حالات کی سنگینی کا درست اندازہ نہ لگانے سے نقصان اٹھاتی ہیں۔

## برج قوس کی عمومی خصوصیات

قوس افراد وفادار، محب وطن اور قانون کا احترام کرنے والے ہوتے ہیں لوگ سخی آزاد خیال، طاقتور اور جنگجو قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ بڑے قدامت پسند اور طاقتور نظریات کے حامل ہوتے ہیں اور ان کی مخصوص ذہنی صلاحیت خود پر کنٹرول رکھنا اور دوسروں کو کمانڈ کرنا ہے۔

قوس افراد مقناطیسی شخصیت رکھنے کے علاوہ ایماندار، صاف گو اور پر خلوص ہوتے ہیں مزاج کے اعتبار سے وہ رحمدل اور دل کھول کر خرچ کرتے ہیں ان میں مضبوط قوت ارادی کے ساتھ ساتھ پختہ عزمی پائی جاتی ہے۔ ان کی قوت مشاہدہ بہت اچھی ہوتی ہے جبکہ بعض حالات میں یہ اچھی قوت فیصلہ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ قوس کی ذہنی گرفت چونکہ بہت اچھی ہوتی ہے اس لیے یہ بہت سی چیزیں بڑی آسانی سے سیکھ لیتے ہیں۔

محبت کے معاملے میں ان کی پرواز تخیل بہت تیز ہوتی ہے لیکن مجموعی طور پر قوس افراد اپنی پرواز تخیل کو عملی کاموں میں صرف کرتے ہیں۔ یہ اپنی اس خوش بخت صلاحیت کو ترقی کے مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہ صلاحیت ان کو اس قابل بنا دیتی ہے کہ وہ ترقی کے لیے ضروری نظریات کے بارے میں سوچ کر ان پر عمل کرنے لگتے ہیں۔ ان کا وجدان ان کو آنے والے واقعات کے بارے میں بتا

دیتا ہے۔اپنے خیالات کے اظہار پر قدرت رکھنے کی وجہ سے وہ بہت اچھے مقرر بن جاتے ہیں۔قوس افراد شعوری طور پر ہر کام میں دلچسپی لیتے ہیں اور جس کام میں دلچسپی لیتے ہیں اس پر بھرپور توجہ دیتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

# قوس افراد کا عام زندگی میں عکس

قوس افراد بہت بڑے مفکر ہوتے اور سمجھے جاتے ہیں وہ دولت، ناموری، شہرت، گلیمر، وقار، عوامی ستائش اور تاریخ میں مقام حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں اپنے ان مقاصد میں وہ کچھ تو حاصل کر لیتے ہیں جبکہ کچھ میں ان کو ناکامی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔قوس افراد کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ مسلسل خدمت کے ذریعے لوگوں کے دل جیتے جا سکتے ہیں۔

قوس افراد میں زبردست انا پائی جاتی ہے فخر کرنے کے لیے ان کے پاس بہت کچھ ہوتا ہے۔قوس افراد چونکہ مخنتی ہوتے ہیں اس لیے یہ اپنے باس اور دوسرے لوگوں کے بے حد خوش رکھتے ہیں یہ لوگ وہ کام کر کے خوش اور لطف اندوز ہوتے ہیں جس میں چیلنج پایا جاتا ہو اگرچہ یہ افراد قابل بھروسہ ہوتے ہیں مگر بعض دفعہ اپنی جذباتی طبیعت کی وجہ سے ناقابل اعتبار بن جاتے ہیں۔قوس افراد دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے خوش ہوتے ہیں اور بعض دفعہ ان کے لیے مددگار بھی ہوتے ہیں۔قوس افراد اپنی جدت کی وجہ سے نئے نظریات دیتے ہیں تاکہ کام کرنے کا ماحول بہتر ہو سکے۔قوس افراد ہمیشہ چیلنج والا کیریئر اور ایسی پوزیشن کی تلاش میں رہتے ہیں جس پر اپنی ذہانت آزما سکیں۔قوس افراد آزادی کو پسند کرتے ہیں۔وہ نہ کسی پر پابندی لگاتے ہیں اور نہ ہی کسی قسم کی پابندی قبول کرتے ہیں۔قوس افراد بالکل واضح اور ٹھوس تعلق سے خوفزدہ ہو جاتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس طرح ان کی آزادی محدود ہو کر رہ جاتی ہے۔قوس افراد میں یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ وہ اپنے دوستوں اور محبت کے بارے میں بڑے تصوراتی ہوتے ہیں۔

# قوس کی نفسیات

قوس افراد اپنی قابلیت اور تخلیقی کوششوں سے اپنی زندگی میں کامیاب رہتے ہیں لیکن انہیں یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اپنے اندر زیادہ صلاحیتیں کس طرح پیدا کی جا سکتی ہیں اور ان کا کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے اس کے لیے انہیں اپنی آزادی کا صحیح طریقے سے استعمال کرنا ہوگا۔کامیابی حاصل کرنے کے لیے ان کو اپنی غلطیوں سے سبق سیکھنا ہوگا اس کے لیے وقت کی پابندی، شعوری کوشش اور آگاہی کی ضرورت ہے یہ سب چیزیں قوس افراد کی فطرت میں شامل نہیں ہوتیں اس لیے انہیں حاصل کرنے کے لیے تھوڑی محنت کرنا پڑتی ہے سخت محنت اور ڈسپلن کامیابی کے لیے بے حد ضروری ہے۔

قوس افراد کو زیادہ طاقتور بننے کے لیے اپنے اندر موجود چلبلے بچے کو سلا کر اپنے جذبات کا کنٹرول خود سنبھال لینا چاہیے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب آپ اپنے آپ سے نہیں کہیں گے تو منفی جذبات ختم ہو جائیں گے جب ہاں کہیں گے تو مثبت جذبات آپ کی راہنمائی کریں گے اگر انہوں نے ایسا نہ کیا تو یہ چلبلا بچہ آپ کی تمام تر صلاحیتوں کو ضائع کر دے گا یاد رکھیں کہ کوشش وقت اور قابلیت تین ایسے عناصر ہیں جن کے مناسب استعمال سے آپ اپنے خواب سچے کر سکتے ہیں ویسے بھی آپ مزاجاً بہت زیادہ خواب دیکھتے ہیں اور یقیناً ان کی سچی تعبیر بھی دیکھنا پسند کریں گے۔

قوس افراد اگر کوئی کام نہ کرسکیں تو اس کے لیے ان کے پاس ہزاروں بہانے ہوتے ہیں مگر خود اپنے اندر وہ محسوس کرتے ہیں کہ انھوں نے وقت کی پابندی نہ کی جس کے باعث یہ کام نہ ہو سکا وگرنہ وہ محنت بھی کر سکتے ہیں اور ان کے پاس قابلیت بھی ہے۔

قوس افراد کو آنکھیں بند کر کے اپنی قسمت پر تکیہ نہیں کرنا چاہیے کیونکہ یہ ہمیشہ ساتھ نہیں دیتی کبھی کبھار اس سے بھی بھول چوک ہو جاتی ہے بے شمار ناکامیوں میں وقت کی پابندی نہ کرنا قوس افراد کی سب سے بڑی غلطی ہوتی ہے قوس افراد کو چاہیے کہ وہ اپنے وقت کو اس طرح تقسیم کریں کہ کس وقت کون سا کام کرنا اور اسے کتنے وقت میں ختم کرنا ہے یہ ٹائم ٹیبل روزانہ بنانا چاہیے اور کچھ بھی ہو جائے اس سے روگردانی نہ کریں۔ڈسپلن اور تنظیم کی سختی سے پابندی کریں انہیں اپنا دوست بنا لیں ان کا ہاتھ تھامے رکھیں یہ قوس افراد کو اس قابل کر دیں گے کہ یہ اپنے وقت کو صحیح طریقے سے استعمال کر سکیں گے صرف چند ہفتوں میں ڈسپلن اور تنظیم ان کی فطرت میں شامل ہو جائیں گے اور اگر یہ ان سے پیچھا بھی چھڑانا چاہیں تو نہیں چھڑا سکیں گے۔

اپنے اندر کی قابلیت کی طاقت کا احساس کرنے کے لیے ان کو پابندی کی اہمیت کو سمجھنا ہو گا۔اپنی توجہ اپنے کام پر مرکوز کرنا ہو گی وقت کا تعین کرنا ہو گا اپنی بے جا خواہشات کی مذمت کرنا ہو گی اپنے اضطراب پر قابو پانا ہو گا اور اپنی توجہ اپنے مقاصد کی طرف لگانا ہو گی اس کے بعد ہی ان کو پابندیوں کا پھل ملے گا روزانہ ہفتہ وار یا مہینہ وار بنیادوں پر ان پابندیوں کا اطلاق اپنی زندگی پر کر کے دیکھیں کہ ان کی زندگی پر کس قدر خوشگوار اثر پڑتا ہے اور کامیابیوں میں کتنا اضافہ ہوتا ہے۔

# قوس کا لکی نمبر

برج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد کے خوش بختی والے ہندسے یعنی لکی نمبر ۳ اور ۴ ہوتے ہیں چنانچہ ۳ اور ۴ کا عدد ان افراد کے لیے بڑا اسعد اور مبارک ہوتا ہے اس لیے ان افراد کو اپنی ترقی اور خوشحالی کے لیے ان ہندسوں کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

## قوس افراد کی تعلیم

دوران تعلیم یہ بچے سستی اور لاپروائی کا مظاہرہ کرتے ہیں سکول کی تعلیم کے دوران یہ تعلیم حاصل کرنے کی بجائے کھیل کود میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔لیکن ایام بلوغت سے نکلتے ہی ان کا رویہ مختلف ہوتا ہے۔اس دوران ان کی ذہنی قوت تیزی کے ساتھ پروان چڑھتی ہے پھر یہ تعلیم کے میدان میں اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑھتے چلے جاتے ہیں اور ان کے اصول دوسرے لوگوں کے لیے مشعل راہ ہوتے ہیں۔یہ فطرتاً امتحانوں میں اچھے نمبر لے کر پاس نہیں ہوتے۔یہ ادب،جغرافیہ اور جدید لسانیات میں دلچسپی لیتے ہیں۔اگر یہ غیر ممالک میں تعلیم حاصل کریں تو بہترین نتائج دے سکتے ہیں۔قوس بچے میڈیسن اور مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ اس پیشے کو پسند کرتے ہیں جس میں بہت زیادہ وسعت ہو۔

## قوس افراد کی تربیت

اگر ان کی مناسب دیکھ بھال اور تربیت کی جائے تو یہ بہت سے لوگوں کے لیے قابل تقلید بن سکتے ہیں۔اس سلسلہ میں ان کی اچھی عادات پر غور کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی عادات کو پختہ کرنا بھی اشد ضروری ہوتا ہے۔ان کو بری عادات سے بچانا چاہیے،یہ بچے چونکہ جدت پسند ہوتے ہیں اس لیے ان کی اچھی خواہشات

کو اجاگر کرنے کے علاوہ ان کو کھانے پینے اور کپڑے پہننے کے طور طریقے بتانے چاہئیں۔

اگر بچپن میں ان کی عادات کو سختی کی بجائے نرمی سے ٹھیک یا ختم کیا جائے تو ان کی تربیت کے لیے بہتر ہوگا اس کے علاوہ قوس بچے پیش بینی کے عادی ہوتے ہیں اس لیے ان کی نگرانی سنجیدگی سے کریں اور اگر آپ نے سلیقہ مندی اور ذہانت کا ثبوت دیا تو یہ بات یقینی ہے کہ یہ بہتر سمت میں قدم اٹھائیں گے۔ بعض اوقات یہ بچے غیر یقینی عادات کا شکار ہو کر سب کو حیران کر دیتے ہیں اس سلسلہ میں مناسب اقدام کر کے ان کو نجات دلائی جا سکتی ہے۔

## قوس کی طاقتیں

ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ اس قدر سخی ہوتے ہیں کہ اپنے ضرورت مند دوست کی مدد کے لیے بلینک چیک لکھ دیتے ہیں یہ لوگ ہمیشہ بابرکت خوشیوں کی تلاش میں ہوتے ہیں اس لیے ان کی نظر بلندیوں پر ہوتی ہے ان کی فطرت انتہائی تصوراتی ہوتی ہے اور یہ زندگی سے جس طرح لطف اندوز ہونا چاہیے اسی طرح لطف اندوز ہوتے ہیں ان دونوں کے درمیان تفریق کرنا بعض اوقات ان کی شخصیت کے لیے مشکل ہو جاتا ہے یہ کبھی نہیں سمجھ پاتے کہ دوسرے لوگ ان کی طرح دیانت دار اور اعلیٰ ظرف کیوں نہیں ہیں۔

قوس افراد کی مثبت سوچ امکانات کا پیش خیمہ ہوتی ہے یہ ان کے لیے کامیابی کے دروازے کھولتی ہے رکاوٹوں دور کرتی ہے اور ناممکنات کو بھی ممکن بنا دیتی ہے اسی سوچ کو قوس افراد کی خوش قسمتی کہتے ہیں اونچے خواب، خیالات اور آزادی کی خواہش ان کے وجود کے اندر گہرائی میں رچی ہوئی ہوتی ہے وہ اس کا اظہار بھی کرتے ہیں یہ خواہش ان کی روح کی میراث ہوتی ہے ان افراد کی شخصیت

مسحور کن ہوتی ہے یہ خود بھی خوش رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی خوش رکھتے ہیں یہ منہ پھٹ بھی ہوتے ہیں۔ کسی ضرورت مند کو انکار نہیں کر سکیں گے۔

قوس افراد بے حد تصوراتی ہوتے ہیں انہیں جس طرح اپنی آزادی پسند ہوتی ہے ویسے ہی یہ دوسروں کی آزادی کا احترام کرتے ہیں انہیں اس وقت بہت صدمہ ہوتا ہے جب باقی لوگ انسانیت کے بارے میں کوئی معیار قائم نہیں کرتے ان افراد کی قدریں اور نظریات بالکل اتنی ہی اہمیت کے حامل ہوتی ہیں جتنی کہ ان کی زندگی میں دوستوں کی اہمیت ہوتی ہے یہ لوگ انتہائی شریف اور ملنسار ہوتے ہیں۔ اجنبی افراد سے بھی بڑی گرمجوشی سے ملتے ہیں بوڑھے قوس افراد انتہائی عقل مند ہوتے ہیں اور وہ اپنی سادہ زندگی سے بھی بے حد لطف اندوز ہوتے ہیں۔

## قوس کی صحت

قوس افراد صحت کے معاملہ میں بڑے خوش قسمت ہوتے ہیں ان کا دل مضبوط، جسم کھلاڑیوں کی طرح ہوتا ہے لیکن بعض دفعہ ان کی صحت اتنی زیادہ اچھی نہیں ہوتی کیونکہ یہ انتہا پسند ہوتے ہیں ان کو سر درد عام ہوتا ہے۔ لیکن صحت کے معاملے میں ان کو احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ قوس افراد میں سونگھنے کی حیرت انگیز خصوصیت پائی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ یہ ہر وقت خوشبوؤں میں گھرے رہتے ہیں۔ انہیں نفیس لذیذ اور مرغن غذائیں بھی بہت پسند ہیں ان کو ان مرغن غذاؤں سے ہر ممکن پرہیز کرنا چاہیے۔ گرم مصالحے اور بڑے گوشت کا زیادہ مقدار میں استعمال نقصان دہ ہوتا ہے۔ اگر غذا کے معاملے میں یہ توازن اور اعتدال سے کام نہ لیں تو پھر زیادہ محنت مشقت کی بناء پر ان کی صحت بہت جلد خراب ہو سکتی ہے۔

# قوس افراد کی بیماریاں

قوس افراد کی صحت اگرچہ شاندار ہوتی ہے لیکن پھر بھی مندرجہ ذیل بیماریاں انہیں لاحق ہو سکتی ہیں۔

ہاضمے کی خرابی، گردے سکڑنے کی بیماری، گھٹنے کا درد، لنگڑی کا درد، کولہوں کی بیماری، جوڑوں کا درد، حلق کی بیماری، نزلہ و زکام، گردن کا اکڑ جانا، بخار۔

## قوس افراد کی غذائیں

قوس افراد تازہ سبزیوں اور تازہ پھلوں کا استعمال زیادہ کریں۔ سلاد کا استعمال ان کے بڑا مفید ہے۔ دودھ بھی ان کے لیے بہت مفید ہے چائے کا زیادہ استعمال ان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ انھیں اپنی جسمانی صحت اور تندرستی کو برقرار رکھنے کے لیے ایسی غذاؤں کی سخت ضرورت ہوتی ہے جن میں کیلوریز کی مقدار زیادہ ہو اور ہر قسم کے وٹامنز بھی کثیر مقدار میں پائے جاتے ہیں ان افراد کو چاہیے کہ وہ زیادہ مرغن غذاؤں سے ہر ممکن طریقے سے پرہیز کریں زیادہ چٹ پٹی اور زیادہ کھٹی میٹھی چیزیں استعمال نہ کریں اور زیادہ مرچ کا استعمال نہ کریں اور گرم مصالحے کا استعمال بھی کم سے کم مقدار میں کریں۔ بڑا گوشت بھی ان کے لیے زیادہ مفید نہیں ہوتا ہے۔

## قوس کا حکمران سیارہ

قوس کا حکمران سیارہ مشتری ہے مشتری کو محبت کی دیوی کہا جاتا ہے اس سیارے سے تعلق رکھنے والے افراد مذہبی اور فلسفے سے گہرا تعلق رکھتے ہیں یہ افراد امن و آشتی اور علم و فلسفہ کے متلاشی ہوتے ہیں یہ بڑے فیاض اور سخی ہوتے ہیں اس وجہ سے یہ محبت، خلوص اور ہمدردی سے پیش آتے ہیں قوس افراد کو اپنا مزاج

متوازن رکھنے کے لیے سیر و تفریح ضرور کرنی چاہیے قوس افراد سیر و تفریح کر اپنی نفسیاتی ضرورت بھی سمجھتے ہیں ان کے خیال کے مطابق زندگی حرکت کا نام ہے۔

اس سیارے کے تحت پیدا ہونے والے قوس افراد اگرچہ بہت زیادہ ملنسار ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود اپنے عزیز رشتہ داروں سے دور رہتے ہیں ان افراد کو آسانی سے پہچانا جاتا ہے۔ یہ بہت ذہین ہوتے ہیں اس کے علاوہ یہ انصاف پسند ہوتے ہیں اور بد دیانتی کو بالکل پسند نہیں کرتے یہ اپنے دل میں کسی قسم کا بغض کینہ نہیں رکھتے ان افراد میں بلا کی تیزی اور تیز رفتاری پائی جاتی ہے۔ یہ ہر وقت خوش و خرم اور چاک و چوبند رہنے کی کوشش کرتے ہیں اس طرح ان کی صحت بھی برقرار رہتی ہے۔

## قوس افراد کے پیشے

قوس افراد پیشے میں محدود انتخاب کرتے ہیں یہ لوگ خوب دولت کماتے ہیں لیکن رئیسانہ ٹھاٹ باٹ سے رہنے کے عادی ہیں یہ لوگ جیولری ڈیزائن اور بطور سیلز مین بہتر ہوتے ہیں اس کے علاوہ یہ مندرجہ ذیل پیشوں میں کامیاب رہتے ہیں۔

سیاحت کا شعبہ

شعبہ نشر و اشاعت

وکالت

تجارت

ٹرانسپورٹ کا شعبہ

موسیقی کا شعبہ

فوج کا شعبہ

اداکاری

صحافت

میڈیسن

## قوس کے مالی حالات

قوس افراد مالی لحاظ سے خوب دولت کماتے ہیں یہ یا تو اس کو اپنی طرف مائل کر لیتے ہیں یا اسے پیدا کر لیتے ہیں ان کے پاس نظریات،توانائی اور صلاحیت ہوتی ہے اس کے باوجود دولت ہی سب کچھ نہیں ہوتی۔ان کے اتنی دولت کمانا جس سے آرام کے ساتھ زندگی گزر سکے ایک بے معنی بات ہے۔قوس افراد کے لیے اپنی دولت کمانے کی صلاحیت سے بھرپور کام لینے کے لیے ضروری ہے کہ ان میں تنظیمی اور انتظامی صلاحیت انتہائی ترقی یافتہ ہو۔

قوس افراد کے لیے طویل المعیاد منصوبہ بنانا مشکل ہوتا ہے وہ فوراً متاثر کن کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے باوجود ان کو جان لینا چاہیے کہ ہوائی قلعے بنانے سے سوائے مایوسی کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔قوس افراد کو چاہیے کہ پہلے اپنا ہدف مقرر کر لیں اور اسے کبھی نظر انداز نہ کریں اور عملی طور پر اس کو حاصل کرنے کے لیے مسلسل جدوجہد کرتے رہیں۔

## برج قوس کی محبت

قوس افراد محبت میں بڑے کمزور ارادہ کے مالک ہوتے ہیں اور اپنے پارٹنر کے بارے میں اکثر و بیشتر اپنے نظریات تبدیل کرتے رہتے ہیں محبت میں قوس افراد جذباتی،سخی کھلے ذہن فائدہ رساں اور بہت تیز ہوتے ہیں وہ علی الاعلان اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں یہ اپنے پارٹنر کے بارے میں اور بالعموم محبت کے بارے

میں بڑے تصوراتی ہوتے ہیں۔

قوس افراد محبت کے معاملے میں بڑے جذباتی ہوتے ہیں اور اپنے محبوب پر کھلے دل سے خوب مال نچھاور کرتے ہیں۔محبت کے معاملے میں قوس افراد کا پروازِ تخیل بہت تیز ہوتی ہے۔محبت کے معاملے میں قوس افراد کا حسن انتخاب بہت اعلیٰ وارفع ہوتا ہے محبت کے معاملے میں وہ اپنی فطرت کے حامل افراد کو ترجیح دیتے ہیں اور یہ محبت کے معاملے میں اپنے دل میں بڑا نرم گوشہ رکھتے ہیں۔محبت کے بغیر یہ زندہ نہیں رہ سکتے یہ حسن وعشق کی محفل سجائے رکھنا پسند کرتے ہیں ایسی محفل ان کی جان ہوتی ہے۔

## قوس مرد اور محبت

قوس افراد کسی بھی ایسی عورت سے محبت کرتے ہیں جو ان کی آزادی میں مخل نہ ہوں بہت سی عورتیں اس مرد کا دل جیتنے کی کوشش کرتی ہیں مگر وہ ناکام رہتی ہیں۔قوس مرد کا پیار کسی ایک مخصوص عورت کے لیے کسی مخصوص وقت کے لیے نہیں ہوتا ان کے ایک ہی وقت میں متعدد عورتوں سے تعلقات ہوتے ہیں انہیں پلے بوائے کہا جاسکتا ہے یہ ایک عورت سے فلرٹ کرنے کے بعد فوراً دوسرا افئیر تلاش کرلیتے ہیں ان کی آئیڈیل ایک ایسی عورت ہوتی ہے جو ان کے نظریات ،خواب اور عقائد سے محبت کرے یہ لوگ خودمختار رہتے ہیں اور انہیں محبت کے تحفظ کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ ان سے محبت کرنے والی عورت کو تحفظ ملتا ہے قوس مرد محبت کی طاقت کا احساس رکھتا ہے جب وہ کسی پرلطف محبت میں مصروف ہوتا ہے تو اس تجربہ وسیع ہوتا ہے یہی تجربہ اسے اپنے بارے میں آگاہی دیتا ہے اس مرحلے پر وہ اپنے تجربات سے دوسروں کو آگاہ کرتا ہے۔مگر وہ انہیں ان سے استفادہ کرنے پر مجبور نہیں کرتا۔

# قوس عورت اور محبت

قوس بڑی آزادی سے محبت کرتی ہے وہ محبت کی تلاش میں بہت زیادہ وقت ضائع نہیں کرتی اور محبت پانے کے بعد بڑی حقیقت پسندی کے ساتھ بعض پابندیوں کو قبول کرلیتی ہے وہ ایک ایسی محبت کی قائل ہے جس میں اسے زندگی کی خوشیوں اور مسرتوں کا احساس ہو وہ اپنے کھلے دل کے باعث ایسی محبت حاصل کر لیتی ہے۔

قوس عورت جانوروں، بچوں اور نظریات سے محبت کرتی ہے نوجوانی میں وہ ایسے شخص سے محبت کرنے لگتی ہے جو اس کی مہم جویانہ طبیعت کو خوش کرتا ہے ادھیڑ عمر میں کسی ایسے شخص سے محبت کرتی ہے جو اس کا بہترین دوست ہو اور جس کی بے حد عزت کرتی ہو جو اس کی آزادی اور انفرادیت کا احترام نہیں کرتا یہ عورت کسی ایسے شخص کی رفاقت میں بھی بے حد بور ہوتی ہے جس کی ذہنی سطح پست ہو وہ محبت کے بارے میں زیادہ انتظار نہیں کرتی وہ اس ضمن میں انتہائی بے صبری کا مظاہرہ کرتی ہے وہ محبت کرنے کے لیے مناسب وقت کا انتظار بھی نہیں کرتی اور ایسے مرد کو پسند کرتی ہے جو زبانی جمع خرچ کی بجائے فوراً اس سے محبت کرنے لگے اور اسے جذباتی سکون مل سکے۔

ایک غیر سنجیدہ قوس عورت محبت کے معاملے میں من موجی قسم کی ہوتی ہے۔ وہ محبت تفریح کے لیے کرتی ہے اور اس طرح وہ محبت کی طاقت کے تجربے سے آگاہی حاصل نہیں کرسکتی جبکہ ایک سنجیدہ عورت محبت کی طاقت سے آگاہ ہوتی ہے اور اس سے لطف اندوز ہوتی ہے۔

# قوس شوہر

قوس افراد میں یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ وہ اپنے خاندان والوں کو بڑی آزادی دیتے ہیں یہ ایک بڑا خاندان اور بہت سے بچے پسند کرتے ہیں۔گھریلو زندگی کی نگرانی کرنا ان کے بس کی بات نہیں ہے اکثر دیکھا گیا ہے کہ شادی کرنے کے بعد یہ لوگ اپنے پارٹنر تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیتے ہیں اور ابتدائی جوانی میں ایک سے زیادہ شادیاں کرتے ہیں سماج نے شادی کے ساتھ جو سنجیدہ پابندی لگا رکھی ہیں ان کے ساتھ قوس کی فطرت مطابقت نہیں رکھتی ہے۔

قوس شوہر اپنی شریک حیات کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرتے ہیں اور اس کے معاملے میں اعتدال پسندی سے کام لیتے ہیں۔قوس شوہر کی گھریلو زندگی بھی محبت کے جذبات سے بھرپور رہوتی ہے اور یہ محبت کے میدان میں بہت آگے ہوتے ہیں۔قوس شوہر محبت کے جذبوں میں بھی معتدل ہی رہتے ہیں۔ یہ اپنے جنسی جذبوں کی تسکین پرجوش مگر معتدل انداز میں سرانجام دیتے ہیں۔

## قوس بیوی

قوس بیوی اپنے خاوند اور خاندان کے دیگر افراد کو بے حد عزیز جانتی ہے یہ ان تمام کی طرف اتنی بھرپور توجہ دیتی ہے کہ اپنی ذات کو بھی فراموش کر دیتی ہے یہ بے شمار صفات اور خصوصیات کی مالک ہوتی ہے۔یہ ہر چیز کو قرینے اور سلیقے سے سجا کر رکھتی ہے اور انہیں یہاں تک یاد ہوتا ہے کہ انھوں نے سوئی دھاگہ کہاں رکھا ہوا ہے۔قوس بیوی جذباتی نہیں بلکہ دھیمے مزاج کی مالک ہوتی ہے اور وہ صاف گوئی کی وجہ سے محبت کے معاملے میں بھی دانستہ طور پر کسی کو دھوکہ نہیں دیتی قوس بیوی نہ صرف متوازن زندگی بسر کرتی ہے بلکہ وہ سمجھتی ہے کہ حرکت میں برکت ہے۔قوس

بیوی پر اگر ذمہ داریاں ڈال دی جائیں تو یہ ان سے بہت گھبراتی ہے حتیٰ کہ بعض اوقات تو یہ گھریلو ذمہ داریوں کو بھی اپنے اوپر بڑا بوجھ تصور کرتی ہے اور ان سے فرار کا راستہ اختیار کرتی ہیں۔

قوس بیوی کافی حد تک فضول خرچ ہوتی ہے اور روپیہ پیسہ پانی کی طرح بہاتی ہیں اور اس معاملے میں کسی قسم کی پرواہ نہیں کرتیں قوس بیوی کے بارے میں زیادہ انتظار نہیں کرتی وہ اس ضمن میں انتہائی بے صبری کا مظاہرہ کرتی ہے اور ایسے مرد کو پسند کرتی ہے جو زبانی جمع خرچ کی بجائے فوراً اس سے محبت کرنے لگے اور اسے جذباتی سکون مل سکے وہ محبت تفریح کے لیے کرتی ہے اور اس طرح وہ محبت کی طاقت کے تجربے سے آگاہی حاصل نہیں کرسکتی۔

## قوس باپ

والد کی حیثیت سے قوس شخص اپنے بچوں کی نگہداشت میں کوئی خاص دلچسپی نہیں لیتا اور عموماً بچوں کی دلچسپیوں سے انہیں کوئی غرض نہیں ہوتی ہے۔قوس مرد کو دنیا اور اس کے معاملات سے اتنا زیادہ لگاؤ ہوتا ہے کہ وہ اپنے بچوں پر مناسب وقت خرچ نہیں کرتا اپنی دنیا میں مگن رہتا ہے۔اس وجہ سے ان کے بچوں کو اس قسم کی تربیت نہیں مل سکتی جیسی کہ ان کو ملنی چاہیے۔

قوس باپ دنیاوی اور نظریاتی معاملات میں سخت اور کٹرپن کا مظاہرہ نہیں کرتا۔اخلاق اور اخلاقی اقدار کی ان کے نزدیک بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔اس وجہ سے یہ نہ صرف ہر ایک سے بلکہ اپنی اولاد سے بھی اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ان کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے دوسروں کے سامنے بہترین اخلاق کا مظاہرہ کریں قوس بچے باپ سے مشورہ لینے کی بجائے ماں سے مشورہ لیتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ ان کا والد بھی انہیں مفید اور بہتر مشورہ دے سکتا ہے مگر چونکہ ان کے

مشورے بڑے رازدارانہ قسم کے ہوتے ہیں اس لیے وہ ماں باپ پر ترجیح دیتے ہیں قوس باپ بڑا وسیع النظر اور عقل مند ہوتا ہے۔ اس میں فہم و فراست اور سمجھ بوجھ بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔ یہ اگرچہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر توجہ دیتے ہیں مگر وہ ان کے بارے میں ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے سے گریز کرتے ہیں۔

## قوس ماں

قوس ماں اپنے بچوں سے نہایت شفقت اور ممتا بھرے جذبات سے پیش آتی ہے وہ اپنے بچوں سے بے حد محبت کرتی ہے اور وہ اپنی ذات کو بھول کر ان پر خصوصی توجہ دیتی ہے۔ قوس عورت اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر بھی خاص توجہ دیتی ہے اور ان کی تعلیم اور ان کی نگہداشت بھرپور انداز میں کرتی ہے۔ قوس ماں اپنے بچوں کو اوائل عمر ہی میں عالمی حالات کے بارے میں دلچسپی پیدا کرتی ہے۔ وہ قومی مسائل اور مذہبت تک فلسفیانہ رسائی سے آگاہ کرتی ہے اور بچوں کی اس طرح تربیت اتنی چھوٹی عمر میں نہ صرف قابل قدر ہوتی ہے بلکہ آگے چل کر ان کی زندگی میں اہم کردار بھی ادا کرتی ہے۔ قوس ماں قوس باپ کی نسبت اپنے بچوں کے لیے بہتر ثابت ہوتی ہے۔ بچے بھی اپنے باپ کی بجائے اپنی ماں سے مشورہ کرتے ہیں نہ صرف وہ زبانی مشورے ہی لیتے ہیں بلکہ ان پر پوری طرح عمل پیرا بھی ہوتے ہیں۔ مجموعی طور پر ماں کا کردار زیادہ موثر ہوتا ہے۔ اگرچہ قوس ماں اپنا کردار بخوبی ادا کرتی ہے مگر یہ بات نظر انداز کرنا بے حد مشکل ہے کہ قوس بچوں کو اپنے والدین کی طرف سے اس قسم کی تربیت نہیں ملتی جتنی ان کو ملنی چاہیے کیونکہ قوس والدین اپنے بچوں سے محبت تو کرتے ہیں مگر ان کی دیکھ بھال کی مصیبت اور تکلیف برداشت کرنا ان کے بس کا روگ نہیں ہوتا۔

# قوس عورت

قوس عورت بڑی پرکشش اور متاثر کن شخصیت کے ساتھ صاف گو اور ہمت و حوصلے کی مالک ہوتی ہے۔قوس عورت انسانوں اور جانوروں سے محبت کرتی ہے۔ یہ کبھی بھی ناامید نہیں ہوتی۔قوس عورت کو مطالعے کا بڑا شوق ہوتا ہے یہ اپنے بچوں کے ساتھ نہایت شفقت اور ممتا بھرے جذبات سے پیش آتی ہے اور اس کے ممتا سے بھرپور اور محبت آمیز جذبوں کی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔قوس عورت کو سیر کا بڑا شوق ہوتا ہے وہ خلوص،سچائی اور ایمانداری کو پسند کرتی ہے۔

وہ انصاف پسندی کی قائل ہوتی ہے اور کسی کی حق تلفی نہیں کرتی۔قوس عورت بہت زیادہ جذباتی ہوتی ہے اس لیے وہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتی بلکہ اپنے خونی رشتوں کی بھی پرواہ نہیں کرتی یہی وجہ ہے کہ وہ اچانک اور فوری طور پر خاندانی رابطے توڑ دیتی ہے۔قوس عورت ذرا ذرا سی بات پر بدکلامی کرنے لگتی ہے۔قوس عورت پر اگر ذمہ داریاں ڈال دی جائیں تو یہ ان کو بوجھ تصور کرنے لگتی ہے۔قوس عورت فضول خرچ اور بے دریغ پیسہ خرچ کرتی ہے۔قوس عورت ظاہری رنگ و روپ اور دلکشی کو پسند کرتی ہے اور صورت کو سیرت پر ترجیح دیتی ہے۔

قوس عورت بڑی آزادی سے محبت کرتی ہے وہ محبت کی تلاش میں بہت زیادہ وقت ضائع نہیں کرتی اور محبت پانے کے بعد بڑی حقیقت پسندی کے ساتھ بعض پابندیوں کو قبول کر لیتی ہے وہ ایک ایسی محبت کی قائل ہے جس میں اسے زندگی کی خوشیوں اور مسرتوں کا احساس ہو وہ اپنے کھلے دل کے باعث ایسی محبت حاصل کر لیتی ہے۔

# قوس لڑکی

قوس لڑکی پر کشش، ایماندار، صاف گو اور سلیقہ مند ہوتی ہے اسے تعلیم اور مطالعہ کرنے کا بے حد شوق ہوتا ہے۔ یہ بڑے بڑے کارنامے انجام دینے کے لیے بے پناہ صلاحیت رکھتی ہے یہ جس کام میں ہاتھ ڈالتی ہے اس میں اپنی محنت اور لگن سے اس میں جان ڈال دیتی ہے۔

قوس لڑکی کسی قسم کی پابندی برداشت نہیں کرتی وہ نہ کسی کا حق مارتی ہے اور نہ کسی کو حق مارنے دیتی ہے۔ اس کی کوشش ہوتی ہے کہ ہر کام اور ہر معاملے میں انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

قوس لڑکی ہمیشہ متحرک رہتی ہے وہ اپنا وقت بے کار بیٹھ کر ضائع نہیں کرتی بلکہ وہ اپنے وقت کا بہترین استعمال کرتی ہے۔ قوس لڑکی حسن و خوبی اور موزونیت بہت زیادہ پسند کرتی ہے۔ قوس لڑکی اپنے کاموں کا اور اپنی زندگی کا زبردست انداز میں محاسبہ کرتی ہے۔ اور پھر اس کے نتائج کی روشنی میں آگے بڑھتی ہے۔ قوس لڑکی سماجی طور پر بھی کافی سرگرم ہوتی ہے وہ نیکی اور بھلائی کے جذبے کے تحت کام کرتی ہے۔ قوس لڑکی کا حافظہ بہت تیز ہوتا ہے وہ ہر چیز کو اپنے حافظے میں جمع کر لیتی ہے یہی وجہ ہے کہ اسے سب چیزوں کے بارے میں پتہ ہوتا ہے کہ وہ کہاں ہیں۔ قوس لڑکی حقائق کو خوب سمجھتی ہے۔ قوس کے تحت پیدا ہونے والی لڑکی محفلوں کی جان ہوتی ہے مگر اس کی دوستی دو چار سے ہوتی ہے۔

قوس لڑکی کافی حد تک فضول خرچ ہوتی ہے اور اسے اپنی قابلیت، ذہانت اور علم پر بڑا گھمنڈ اور غرور ہوتا ہے حالانکہ یہ اس کی غلط فہمی ہوتی ہے کیونکہ وہ اس کی وجہ سے بعض اوقات غلط فیصلہ بھی کر لیتی ہے اور بعد میں سوائے افسوس کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

# قوس بچہ

قوس بچے اپنے والد کے لیے نہایت خوشی کا باعث ہوتے ہیں۔ وہ خوش مزاج، خوش طبع اور پرامید واقع ہوتے ہیں اور طبعاً اچھے طرز عمل کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ بنیادی طور پر مستحکم ضابطہ اخلاق کے حامل ہوتے ہیں وہ کبھی فریب یا عیاری سے کام نہیں لیتے۔ وہ مہربان، ہمدرد، اچھے دوست اور لوگوں میں مقبول ہوتے ہیں وہ اپنی تعلیم اور مطالعہ پر بھرپور توجہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے ساتھیوں کی تحکم کے بغیر قیادت کرتے ہیں یہ بچے اتنے بے غرض اور لوگوں پر اعتماد کرنے والے ہوتے ہیں کہ بعض اوقات ان کے والدین کو چاہیے کہ یہ ہر کسی پر فوراً بھروسہ نہ کریں۔ بلکہ اس کی شخصیت کا بھرپور جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کریں۔ قوس بچے کسی کے زیر اثر رہنا پسند نہیں کرتے اور دانستہ بغاوت پر آمادہ ہو جاتے ہیں اور اپنے اچھے اوصاف اور صلاحیتوں کو مثبت طور پر استعمال کرنے سے گریز کرتے ہیں۔

قوس بچوں کو کھیلوں اور جانوروں سے بڑی محبت ہوتی ہے اس لیے ان کے والدین کو چاہیے کہ وہ ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں مناسب وسائل مہیا کریں تاکہ یہ مناسب کارکردگی کا مظاہرہ کرسکیں۔

بہت سے قوس بچے اپنی صلاحیتوں اور نیکیوں کے باوجود ذمہ دار نہیں ہوتے یہاں تک کہ خود اپنی دیکھ بھال کرنے کی صلاحیت بھی نہیں رکھتے کیونکہ وہ ہر ایک کی بات پر یقین کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ ان کے دوستوں اور ان کے پیشوں کے انتخاب میں ان کے ماں باپ کو مدد اور راہ نمائی کرنی چاہیے۔ تاکہ یہ غلط دوستوں اور غلط پیشوں کا انتخاب کرکے مشکلات کا شکار نہ ہو جائیں۔

# برج قوس کی مشہور شخصیات

قوس افراد کی مندرجہ ذیل اہم شخصیات ہیں۔

پاکستان کے مشہور کرکٹر (آل راؤنڈر) عمران خان

سابق برطانوی وزیر اعظم چرچل

اداکار ووڈی ایلن

ہدایت کار، کارلو پونٹی

اداکارہ جین فونڈا، مرینہ خان، فریال گوہر

مشہور شاعر احمد فراز

سماجی کارکن ماریا کیلاس

ان کے علاوہ سیمی ڈیوس، والٹ ڈزنی، ولیم بلیک، بیٹی گریبل، جولی ہیرس، ڈیوک پرک، رابرٹ مولیس، فرینک سناترا، پوپ جوہن شامل ہیں۔

©2002-2006

# برج قوس کی عشرہ وار تقسیم

## عشرہ اول (۲۳ نومبر تا ۲ دسمبر)

قوس کے پہلے عشرہ سے تعلق رکھنے والے افراد خوش طبع اور اپنے ہاتھوں میں مستقل شان وشوکت لے کر آتے ہیں ان کا حکمران سیارہ مشتری ہوتا ہے یہ لوگ ناکامی بالکل پسند نہیں کرتے بلکہ اپنے مخالف کی کامیابی پر آگے بڑھ کر انہیں مبارک باد دیتے ہیں۔ یہ لوگ بہادر، جرأت مند اور ہمیشہ کئی منصوبوں پر کام کرتے ہیں۔ پہلے عشرے سے تعلق رکھنے والوں کی ذہنیت خانہ بدوشانہ ہوتی ہے اور یہ قصہ گو بھی ہوتے ہیں جبکہ بعض لوگ انہیں گپی خیال کرتے ہیں۔ یہ لوگ جتنے خوش طبع ہوتے ہیں۔ اکثر اتنے ہی سنگین پریشانیوں سے دوچار ہوتے رہتے ہیں۔ یہ صاف گو اور بے باک ہوتے ہیں۔ یہ جھوٹے نہیں ہوتے۔

## عشرہ دوم (۳ دسمبر سے ۱۲ دسمبر)

اس عشرہ میں قوس پر حمل کے اثرات پڑ رہے ہیں ان کے اندر وحشیانہ جوانی کا جوش ہوتا ہے دوسروں کو اپنی مرضی کے مطابق چلانے کی خواہش ہوتی ہے۔ ان کی شخصیت میں تغیر پسندی پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے یہ ہمیشہ گھومنا پھرنا اور آوارہ گردی کرنا چاہتے ہیں۔ یہ افراد ہر اس فرد کی عزت کرتے ہیں جو ان کی عزت کرتا ہے۔ یہ لوگ سے زیادہ متوازن مزاج ہوتے ہیں یہ لوگ نئے خیالات اور نظریات پر اتنی آسانی سے گرفت کر لیتے ہیں جتنی قوت سے اپنے نظریات دوسروں پر تھوپنے کی کوشش کرتے ہیں یہ جب کسی جائز مقصد کے لیے جنگ کرتے ہیں تو ان کا حوصلہ بہت بلند ہوتا ہے یہ خصوصیت دوسرے قوس افراد میں نہیں پائی جاتی۔

## عشرہ سوم (۱۳ دسمبر تا ۲۰ دسمبر)

یہ قوس افراد انتہائی غیر معمولی اور مقناطیسی شخصیت کے مالک ہوتے ہیں یہ ہمیشہ نئے مقامات کی تحقیق اور ایڈونچرز میں دلچسپی لیتے ہیں یہ چاہتے ہیں کہ لوگوں کی توجہ کا مرکز بن جائیں۔ دوسروں کی ہمت افزائی سے ان کے اندر مثبت توانائی پیدا ہونے لگتی ہے۔ یہ بے حد سنجیدہ ہوتے ہیں۔

## قوس افراد کی شخصیت تاریخ وار

### ۲۳ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بہت جدت پسند ہوتے ہیں۔ یہ لوگ ہر کام کو بڑی آسانی سے سیکھ لیتے ہیں۔ یہ لوگ ہر کام کو بڑی آسانی سے سیکھ لیتے ہیں۔ یہ لوگ مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنی زندگی یا پیشے کے گرد پابندیوں کو پسند نہیں کرتے۔ آزاد خیال ہوتے ہیں۔

### ۲۴ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بہت محنتی اور حوصلہ مند ہوتے ہیں۔ اس دن پاکستان کے کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور مشہور آل راؤنڈر عمران خان پیدا ہوئے جنہوں نے پاکستان کو ورلڈ کپ کا چیمپئن بنایا۔ اس وقت موجود سیاستدان بھی ہیں۔

### ۲۵ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ عملی زندگی میں علم و مطالعہ میں دلچسپی رکھنے والے اور زندگی و موت کے رازہائے سربستہ سے آگاہ ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو قدیم اور پراسرار واقعات سے گہری دلچسپی ہوتی ہے۔ ان کی شخصیت کو سمجھنا بڑا

مشکل ہوتا ہے۔

## ۲۶ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بڑے کامیاب اور شہرت یافتہ ہوتے ہیں۔ اگر چہ ان لوگوں کی ازدواجی زندگی اتنی خوشگوار نہیں ہوتی لیکن عملی اور کاروباری میدان میں اپنی منشاء کے مطابق سب کچھ حاصل کر لیتے ہیں۔

## ۲۷ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ اپنے ذاتی فیصلوں میں دوستوں، رشتہ داروں کی رائے پسند نہیں کرتے۔ پابندیوں سے نفرت کرتے ہیں۔ یہ لوگ خودسر اور خوددار ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی خوبیوں اور خامیوں سے پوری طرح واقف ہوتے ہیں۔

## ۲۸ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ پیاری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کی ذات قابل بھروسہ اور قابل اعتماد ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ سفر میں رہنے والے ہوتے ہیں۔ تیز چلتے ہیں اور تیز بولتے ہیں۔ یہ لوگ ہمیشہ پرامید دکھائی دیتے ہیں۔

## ۲۹ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بے شمار صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کی طبیعت انتہا پسند ہوتی ہے۔ یہ لوگ صبر آزما اور جدوجہد کے عادی ہوتے ہیں۔ ان کے فیصلے عموماً حقائق کی بجائے ذاتی پسند و ناپسند پر ہوتے ہیں۔

## ۳۰ نومبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ عملی زندگی میں بہترین آرٹسٹ اور ہنرمند بن

کر ابھرتے ہیں۔ یہ لوگ اچھی سوچ کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بڑے حوصلہ مند اور نامساعد حالات کا مقابلہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ یہ لوگ دوستی کے قابل ہوتے ہیں۔اس تاریخ کو عالمی شہرت یافتہ برطانوی وزیراعظم سرونسٹن چرچل پیدا ہوئے۔

## یکم دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے بچے قنوطی اور یاس پسند ہوتے ہیں۔ان میں خود اعتمادی کی کمی ہوتی ہے۔تعلیم کی طرف بھی ان کی توجہ مبذول کروانی پڑتی ہے۔اگر ایسا نہ کیا جائے تو یہ پڑھائی کی طرف راغب نہیں ہوتے۔

## ۲ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے بچے مالی لحاظ سے زیادہ خوش قسمت نہیں ہوتے البتہ ان بچوں میں مکینکل انجینئرنگ کی فطری صلاحیت موجود ہوتی ہے۔

## ۳ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے بچے رومانی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔بہت محنتی ہوتے ہیں۔قابل بھروسہ ہوتے ہیں۔ یہ اکثر حادثات سے دوچار رہتے ہیں۔

## ۴ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے بچے بہ آسانی دوسروں کے اثر میں آجایا کرتے ہیں۔ان میں خوداعتادی کی کمی ہوتی ہے۔ یہ لوگ خود کوئی فیصلہ کرنے میں بڑی ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔جائیداد کے معاملے میں بہت لاپرواہوتے ہیں۔

**۵ دسمبر**

اس دن پیدا ہونے والے بچے فنون لطیفہ میں دلچسپی لیتے ہیں۔ یہ فطرتاً مہذب، با اخلاق اور شائستہ ہوتے ہیں۔ یہ بزرگوں کا احترام کرنے والے اور ان کی خدمت کرنے والے ہوتے ہیں۔

**۶ دسمبر**

اس دن پیدا ہونے والے لوگوں میں پیدائشی روحانی صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں۔ یہ اچھی یادداشت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

**۷ دسمبر**

اس دن پیدا ہونے والے بچے اچھی قوت متخیلہ کے مالک ہوتے ہیں۔ ان میں آرٹسٹک صلاحیتیں بہت ہوتی ہیں اور ایسے لوگ جو اس دن پیدا ہوئے ہوں اچھے آرٹسٹ بن جاتے ہیں۔

**۸ دسمبر**

اس دن پیدا ہونے والے افراد محبت اور آرٹسٹک مزاج رکھنے والے ہوتے ہیں۔ ان کو اکثر حادثات سے دوچار رہنا پڑتا ہے۔ لہذا ان کے حفاظتی تدابیر بہت ضروری ہیں۔

**۹ دسمبر**

اس دن پیدا ہونے والے افراد خوش قسمت زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ لوگ بہت دولتمند ہوتے ہیں۔ ان میں خاص طور پر ادبی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ قانون اور بنکاری کے شعبے میں بھی ان کے لیے بڑی کامیابیاں ہیں۔

## ۱۰ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے بچے پیدائشی روحانی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بہت پراسرار طبیعت کے حامل ہوتے ہیں۔ پراسرار علوم میں دلچسپی لیتے ہیں۔

## ۱۱ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے بچے اچھی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ بہت ذہین ہوتے ہیں۔ محنتی ہوتے ہیں لیکن اندرونی طور پر بڑے کم ہمت بھی واقع ہوتے ہیں۔

## ۱۲ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگوں میں خوداعتمادی کی کمی ہوتی ہے۔ یہ لوگ کفایت شعار نہیں ہوتے۔ یہ لوگ اکثر مالی طور پر پریشان زندگی گزارتے ہیں۔

## ۱۳ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بہت خوش قسمت ہوتے ہیں۔ کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔ اگر یہ پیشہ ورانہ طور پر بنکاری کو اپنائیں تو اس میں بڑے کامیاب رہتے ہیں۔

## ۱۴ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ اگرچہ اچھی قوت متخیلہ کے مالک ہوتے ہیں لیکن بہ آسانی دوسروں کے اثر میں آجاتے ہیں۔ یہ لوگ مالی لحاظ سے اچھی زندگی نہیں گزارتے۔

## ۱۵ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ مستقل آمدنی کا ذریعہ برقرار نہیں رکھ سکتے۔ یہ اکثر حادثات کا بھی شکار رہتے ہیں۔ پڑھائی کے معاملے میں بھی لاپرواہ ہوتے ہیں۔

## ۱۶ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بڑے کم ہمت ہوتے ہیں لیکن علم کیمیا میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں اور اسی مضمون میں اعلی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

## ۱۷ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ صبر و تحمل اور دوراندیشی سے قاصر ہوتے ہیں۔ان کو حادثات کا خطرہ لاحق رہتا ہے۔لہذا انہیں خطرناک کھیلوں میں حصہ نہیں لینا چاہیے۔بہت زیادہ ڈرپوک ہوتے ہیں۔

## ۱۸ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ بڑے باہمت ہوتے ہیں لیکن یہ کسی بھی ملازمت کو زیادہ دیر نہیں چلا سکتے۔مکینکل انجینئرنگ میں دلچسپی رکھتے ہیں۔یہ لوگ کفایت شعاری کی اہمیت کو نہیں سمجھتے۔

## ۱۹ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ تعلیمی لحاظ سے شاندار کامیابیاں تو حاصل نہیں کر پاتے اور اگر پڑھ لکھ جائیں تو کسی مضمون یا شعبے کو اپنانے کی خواہش بھی نہیں رکھتے۔ان میں صبر و تحمل کی بھی کمی ہوتی ہے۔

## ۲۰ دسمبر

اس دن پیدا ہونے والے لوگ ادبی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ کفایت شعار نہیں ہوتے لیکن یہ کسی بھی جگہ ٹک کر رہنا بالکل پسند نہیں کرتے ہیں۔

# برج قوس کے دوسرے برجوں کے ساتھ معاشرتی تعلقات

## قوس اور حمل

ان دونوں کے ملاپ سے ایک آئیڈیل پارٹنر شپ بن جاتی ہے۔ ان کی جوڑی مثالی جوڑی ہے کیونکہ دونوں ہی متلون مزاج ہوتے ہیں۔ یہ دونوں ہی کوئی جھگڑا یا کشیدگی پیدا کیے بغیر اپنے اپنے مشاغل میں لگے رہتے ہیں۔ قوس کے جھنڈے پر لکھا ہوتا ہے "آزادی اور خوشی کی تلاش" جبکہ حمل سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس فلسفہ پر چلنے کی رضامندی ظاہر کر دے گا۔

## قوس اور ثور

ان کی دوستی کبھی بھی پائیدار نہیں ہوتی اور ان کے تعلقات میں سرد مہری رہتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ غلبہ حاصل کرنے والے ثور کو قوس کی آزادی پسند فطرت سے گزارہ کرنا مشکل ہوتا ہے۔ قوس افراد صاف گو اور سخی ہوتے ہیں۔ یہ دونوں ذہنی لحاظ سے اور خصوصیات کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف اور الٹ ہوتے ہیں۔ ان دونوں برجوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے تعلقات کو آپس میں پیدا نہ کریں۔ اس طرح ان کی دوستی نہیں ہو سکے گی ان میں پیار و محبت، خلوص، ہمدردی کا فقدان ہوتا ہے۔

## قوس اور جوزا

ان دونوں برجوں کا مقصد ایک ہی ہوتا ہے اور وہ ہاتھ پیر اور عمل کی آزادی

ہے۔دونوں ہی صاف گو اور بہت باتونی ہوتے ہیں۔عدم استحکام ان دونوں میں پایا جاتا ہے۔یہ دونوں مشترکہ بنیادوں پر ملتے ہیں اور برابری کی حد تک اپنی زندگی کا منصوبہ بنا سکتے ہیں۔یہ تنوع یا تبدیلی کی وجہ سے بعض اوقات ایک دوسرے کو لہولہان کر دیتے ہیں۔بعض لوگ ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ ایک دوسرے کے اچھے دوست اور ساتھی ثابت نہیں ہو سکتے۔یہ ایک دوسرے سے خفیہ دشمنی رکھتے ہیں اور ترقی کی راہوں میں رکاوٹ بننے کی کوشش کرتے ہیں۔

## قوس اور سرطان

اگر یہ دونوں اپنی فطری خامیوں پر قابو پالیں اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور محبت کا جذبہ پیدا کرلیں تو ان کے تعلقات خوشگوار ہو سکتے ہیں۔سرطان افراد اور قوس کی جذباتی اور ذہنی صلاحیتیں ایک دوسرے سے ٹکرا جائیں تو دونوں کے تعلقات میں فرق آ جاتا ہے۔اس لیے دونوں کو قربانی دے کر تعلقات میں بہتری پیدا کرنی چاہیے۔

## قوس اور اسد

یہ شاندار تعلقات کے حامل ہوتے ہیں کیونکہ ان میں بہت کم اختلاف پائے جاتے ہیں۔دونوں ہی تبدیلی اور ولولہ خیزی چاہتے ہیں اور زندگی کے بارے میں بڑے زندہ دل ہوتے ہیں۔لیکن دونوں ایک دوسرے پر غلبہ پانے کی کوشش کرتے ہیں اور ایک وقت آتا ہے کہ دونوں کے درمیان ایک خطرناک خلیج پیدا ہو جاتی ہے۔

## قوس اور سنبلہ

سنبلہ اور قوس ایک دوسرے کی ذات سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔اگر ان کے آپس میں تعلقات قائم ہو جائیں تو اس میں فائدے کی بجائے نقصان ہی ہو

گا۔گویا یہ بات درست ہے کہ برج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد بھی برج سنبلہ والوں کے لیے دوست کی بجائے دشمن ثابت ہوتے ہیں۔

## قوس اور میزان

ان دونوں کو اپنے تعلقات بہتر اور خوشگوار بنانے کے لیے کئی قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔کیونکہ میزان کے لیے آزاد اور سہل پسند قوس کے فلسفہ حیات سے ہم آہنگی پیدا کرنا کوئی آسان کام نہیں ہوتا قوس ہر قسم کی قید سے نفرت کرتا ہے اور غلامی ہرگز قبول نہیں کرے گا۔خواہ یہ قانونی ہو یا دوسری اور اپنے سارے وسائل سے ان بندھنوں کو توڑنے کی کوشش کرے گا۔

## قوس اور عقرب

اگر ان دونوں میں دوستی ہو جائے تو ان میں بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں عقرب ایسے دوست اور ساتھی بنانا پسند کرتا ہے جن پر وہ اپنا رعب اور دبدبہ قائم رکھ سکے۔جبکہ قوس کو پابندی پسند نہیں ہوتی اگر یہ خوشگوار تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہیے کہ ایک دوسرے کو سمجھیں اور ایک دوسرے کے لیے قربانی کا جذبہ پیدا کریں۔

## قوس اور قوس

ان دونوں میں بہت سی قدریں مشترک ہوتی ہیں اس وجہ سے ان دونوں میں مفاہمت اور موافقت ہوتی ہے۔ان کی بہت سی مشترکہ خوبیاں ہونے کی وجہ سے بعض اوقات ان میں لڑائی جھگڑا پیدا ہو سکتا ہے۔کیونکہ ان میں پائی جانے والی بعض خامیاں ان کو ایک دوسرے سے دور لے جاتی ہیں اور بعض اوقات یہ ایک دوسرے سے عدم تعاون کے علاوہ لڑائی جھگڑا بھی کرتے ہیں۔

## قوس اور جدی

ان دونوں کے درمیان تعلقات کبھی خوشگوار نہیں رہ سکتے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ انتہا درجہ کے متضاد اشخاص کا تعلق ہے۔ان دونوں میں تکرار اور لڑائی جھگڑا رہے گا۔اس کے علاوہ جدی سنجیدہ مزاج اور قوس ہنس مکھ ہوتا ہے۔یہ دونوں اگر ایک دوسرے کو سمجھ لیں۔ایک دوسرے کے جذبات کا خیال کریں تو شاید ان کا نباہ ہو جائے۔

## قوس اور دلو

بہت سی قدریں مشترک ہونے کے ساتھ ساتھ ان میں بہت سی خصوصیات ایک جیسی ہوتی ہیں جس کی وجہ سے ان کی خوب بنتی ہے اور یہ اچھے دوست ہونے کے ساتھ ساتھ اچھے اور خوشگوار تعلقات رکھتے ہیں۔اس کے علاوہ قوس ان چند برجوں میں سے ایک ہے جو دلو کی مخصوص عادت کو جانتا ہے۔

## قوس اور حوت

ان دونوں کے تعلقات کبھی بھی بہترین اور خوش گوار نہیں رہتے۔کیونکہ حوت مستقل مزاج نہیں ہوتا جبکہ قوس سچا،کھرا،اور بے لاگ ہوتا ہے۔اس لیے ان کے تعلقات کبھی بھی اچھے نہیں رہتے اگر یہ ایک دوسرے کے لیے قربانی کا جذبہ پیدا کر لیں تو ان کے تعلقات بہتر ہو سکتے ہیں۔

THE END______ختم شد______